**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 04.12.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان بدامنی میں بیرونی طاقتیں ملوث ہیں، وزیر اعظم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | عبدالخالق ہزارہ پر قاتلانہ حملہ قابل مذمت ہے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ایچ ڈی پی کے چیئرمین نے جان پر کھیل کر گھر میں ڈکیتی ناکام بنادی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | عبدالخالق ہزارہ چوروں سے ہاتھا پائی کے دوران شدید زخمی 1 ملزم گرفتار وزیر اعلیٰ نے ڈی آئی جی سے رپورٹ طلب کرلی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | سردار کھیتران کی عبدالخالق ہزارہ پر قاتلانہ حملے کی مذمت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | حکومت نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کر رہی ہے، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | 2025بلوچستان کے عوام کیلئے خیروبرکت کا ہوگا، صوبائی وزراء۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | گیس وبجلی فراہمی میں بلوچستان کو نظرانداز کیا جارہا ہے، سینیٹر عبدالقادر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | صحبت پور میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ جاری ہے، سلیم کھوسہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، وزیر بلدیات۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | پی بی 45 کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ 5 جنوری کو ہوگی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ارکان اسمبلی کا کیسکو چیف کیساتھ اجلاس بجلی کی تقسیم میں شفافیت اور معیاری کو یقینی بنایا جائے اسپیکر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسم سرما کی پہلی بارش پہاڑوں پر برفباری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | فوڈ اتھارٹی کی مسلم باغ کے مختلف علاقوں میں کارروائی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | موسم سرما کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، پی ڈی ایم اے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | پسماندگی کی ذمہ دار جعلی حکومتیں ہیں، پشتونخوا نیپ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | بلوچستان میں تعلیم مہنگی اسے کاروبار بنا دیا گیا ہے، ہدایت الرحمان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | جعلی شہباز حکومت ملک کو جان بوجھ کر خانہ جنگی کی طرف لے جارہی ہے، محمود خان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کردگاپ کے کنویں سے انسانی ہڈیاں برآمد، نوشکی حساس ادارے کے دفتر پر گرنیڈ حملہ فائرنگ، کمشنر سبی پر فائرنگ کرنے والا جوگینگ کا سرغنہ بھاگ سے گرفتار۔

## عوامی مسائل:

خضدار میں نرسنگ اسٹاف چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں، پنجگور بجلی بحران شدت اختیار کر گیا صرف تین گھنٹے بجلی کی فراہمی۔

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 04.01.2025

**اداریہ؛**

روزنامہ انتخاب حب کوئٹہ نے "**خسرے سے بچے جاں بحق ذمے دار کون !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت وطن عزیز میں ہر کچھ عرصے بعد کوئی نہ کوئی بیماری وبا کی صورت اختیار کر لیتی اور کئی زندگیوں کے ضیاع کی وجہ بن جاتی ہے۔ خسرہ، ہیضہ اسہال ، ڈینگی ، ملیریا اور دیگر وباؤں سے سارا سال قوم کو واسطہ رہتا ہے۔ ملک میں بچوں کو پیدائش کے بعد مختلف امراض سے بچانے کے مفت حفاظتی ٹیکوں کا کورس کروایا جاتا ہے۔ اکثر والدین اپنے بچوں کو یہ ٹیکے لگوا کر بیماریوں سے محفوظ بناتے ہیں جن کے بچوں کو خسرہ سمیت دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے لگے ہوں تو وہ ان امراض سے محفوظ رہتے ہیں یا ان امراض میں مبتلا ہونے پر ان کی شدت کم ہوتی ہے لیکن جو بچے حفاظتی ٹیکے لگوانے سے رہ جاتے ہیں وہ ان امراض کی زد میں آ کر شدید متاثر ہو جاتے ہیں اور ان میں سے بڑی تعداد بعض اوقات زندگی سے بھی محروم ہو جاتی ہے۔ ماضی سے لے کر اب تک خسرہ کی وجہ سے جاں بحق ہو چکے ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**حکومت آزادی اظہار رائے کی آڑ میں زہر اگلنے کو روکنے کیلئے قوانین بنائے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " A Cry for relief" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " 7th agriculture census a new dawn in balochsitan" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**پی پی ایل کمپنی ایک مدہوش ہاتھی**" کے عنوان سے شوکت بگٹی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 04 JAN 2025 Page No. 1

## عبدالخالق ہزارہ پر قاتلانہ حملہ قابل مذمت ہے، گورنر مندوخیل

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ اور سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ پر حملہ کی شدید الفاظ مذمت کی ہے. اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ عبدالخالق ہزارہ ایک سیاسی شخصیت ہیں لہٰذا ان کو علاج معالجے کی فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت بھی کی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عبدالخالق ہزارہ کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

MASHRIQ QUETTA



گورنر جعفر خان مندوخیل سردار فتح محمد حسنی سے سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں عمیر محمد حسنی بھی موجود ہیں

## عبدالخالق ہزارہ پر حملہ قابل مذمت، انہیں طبی سہولیات فراہم کی جائیں، گورنر بلوچستان

کراچی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ اور سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ پر حملے کی شدید الفاظ مذمت کی ہے. اپنے ایک بیان میں گورنر بلوچستان ......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ عبدالخالق ہزارہ ایک سیاسی شخصیت ہیں انہیں علاج ومعالجے کی فوری طور پر تمام طبی سہولیات فراہم کرنے کی خصوصی ہدایت بھی کی. گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عبدالخالق ہزارہ کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 04 JAN 2025

Page No.

وزیر اعظم

# بلوچستان بدامنی میں بیرونی طاقتیں ملوث ہیں

دشمن گھات لگائے بیٹھا ہے، خیبر پختونخواہ میں دہشت گردوں کے گھس بیٹھے موجود ہیں، سازشیں بنی جارہی ہیں، ڈیجیٹل محاذ پر پاکستان کیخلاف زہر اگلا جارہا ہے، دوست نما دشمن باہر بیٹھ کر سوشل میڈیا پر مہم چلا رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد پر چڑھائی ہوئی رینجرز جوان شہید ہوئے، جھوٹی خبریں پھیلائی گئیں، جھوٹی مہم کا مقابلہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، سیکورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، فتنہ الخوارج کا خاتمہ کریں گے، ایپکس کمیٹی اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دشمن گھات لگائے بیٹھا ہے، پاکستان میں دہشتگردوں کے گھس بیٹھیے موجود ہیں، ہمیں خارجی ہاتھوں کا بخوبی علم ہے، فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کا وقت آچکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے جمعہ کو نیشنل ایکشن پلان کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج ایک اور اچھا موقع ہے کہ پاکستان نے سلامتی کونسل میں غیر مستقل رکن کی حیثیت سے 2 سال کے لیے ذمے داری سنبھال لی ہے۔ ان شا اللہ اس دوران پاکستان اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا اور عالمی سفارت کاری میں اپنی پوری استعداد کے ساتھ شریک ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سرحد پار سے پاکستان پر چند دن پہلے حملہ ہوا، دشمن کے حملے کا منہ توڑ جواب دیا گیا، دشمن گھات بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

لگائے بیٹھا ہے، پاکستان میں دہشتگردوں کے گھس بیٹھیے موجود ہیں، پاکستان کے خلاف سازشیں بنی جارہی ہیں، ہمیں خارجی ہاتھوں کا اچھی طرح علم ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہمیں پتا ہے کون کون سے ممالک دہشتگردوں کو یہاں سپورٹ کررہے ہیں، ہمیں خارجی ہاتھوں کا بخوبی علم ہے، فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے کا وقت آچکا ہے، شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ روز میں نے گزارش کی تھی کہ کس طرح سے دوبارہ یہ فتنہ سر اٹھا رہا ہے، آج اس پر بات ہیں ہوگی، تاہم صرف یہی گزارش کروں گا کہ صوبے وفاق اور وفاقی اداروں کے ساتھ مل کر مربوط پلان بنائیں، جس کا پاکستان کی بہتری اور خوش حالی سے تعلق ہو۔ بطور وزیراعظم میں اسے سراہوں گا کیوں کہ قومی مفاد ہماری اولین ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے کل ایجنڈا ڈسکس کیا تھا کہ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر کس طرح لانا ہے، وہ تبھی شرمندہ تعبیر ہوسکتا ہے جب ہم سب مل کر امن و امان کو پاکستان کے چاروں صوبوں اور وفاق سمیت گلگت بلتستان و آزاد تعمیر میں مزید بہتر بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ فتن الخوارج کا بھی مکمل صفایا کرنے کا وقت آچکا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل محاذ پر پاکستان کے خلاف زہر اگلا جارہا ہے، پاکستان کے دوست نما دشمن باہر بیٹھ کر سوشل میڈیا پر مہم چلا رہے ہیں، پاکستان کے خلاف مہم بہت بڑا چیلنج بن چکا ہے، وہ جھوٹ کو سپورٹ کرتے ہوئے حقائق کو مسخ کررہے ہیں، ایسا ماحول بنایا جارہا ہے کہ پاکستان کے خلاف جھوٹ کی بنیاد پر سوالیہ نشان اٹھائے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام آباد پر چڑھائی ہوئی رینجرز جوان شہید ہوئے جھوٹی خبریں بنائی گئیں، سوشل میڈیا پر جھوٹ کا طوفان اٹھایا گیا، حالیہ وقتوں میں سوشل میڈیا پر جھوٹ کی ایسی مثالیں نہیں ملتیں، اگر روکا نہ گیا تو تمام کاوشیں دریا برد ہوجائیں گی، وفاقی اور صوبائی سطح پر سوشل میڈیا پر جھوٹی مہم کا مقابلہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ آج ہم نے ان تمام معاملات پر سنجیدگی کے ساتھ گفتگو کرنی ہے، فوج اور پولیس کے جوان پاکستان کیلئے خون کا نذرانہ پیش کررہے ہیں، یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، جو لوگ شہدا کی قربانیوں کو رائیگاں کرنا چاہتے ہیں وہ بہت بڑی بھول میں ہیں، پاکستان قائم و دائم رہے گا، مل کر چلیں گے تو اس فتنے کا خاتمہ کریں گے اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کے جائزے کے لیے ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں اعلی سول و عسکری حکام نے شرکت کی، اجلاس میں چاروں وزرائے اعلی، وفاقی وزرا سمیت دیگر حکام شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ ملک میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور انسداد دہشتگردی کے آپریشنز کے نتائج پر غور کیا گیا، اجلاس میں پاک افغان سرحدی امور اور خوارجیوں کیخلاف آپریشنز پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اجلاس کے دوران ایپکس کمیٹی قومی سلامتی پر نئے سال کے اہداف اور اسٹریٹیجیز کا تعین کیا گیا، اور دہشت گردوں اور فتنہ خوارج کے خلاف بھرپور کاروائیاں جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں فورم کی جانب سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی عزم کا اعادہ کیا گیا اجلاس میں وفاقی وزرا، وزرائے اعلی، چیف سیکریٹریز، وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزیر اعلی گلگت بلتستان سمیت آرمی چیف جنرل عاصم منیر، انٹیلی جنس ایجنسیوں کے سربراہان، ڈی جی ایف آئی اے نے بھی شریک تھے۔

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 | ہفتہ 3 رجب المرجب 1446ھ 4 جنوری 2025ء | نمبر 04

# ایچ ڈی پی کے چیئرمین نے جان پر کھیل کر گھر میں ڈکیتی ناکام بنادی

**مسلح شخص انکے بیڈروم تک پہنچ گیا، سابق وزیر کو زخمی کیا، ہاتھا پائی پر نقاب اترا تو پڑوسی نکلا**

**عبدالخالق کے ہاتھ میں فریکچر، پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا، وزیراعلیٰ نے رپورٹ طلب کرلی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) علمدار روڈ مومن آباد گھر میں ڈکیتی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے مزاحمت پر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین و سابق وزیر عبدالخالق ہزارہ زخمی ہوگئے پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا گرفتار ملزم ہمسایہ نکلا وزیراعلیٰ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس نے رپورٹ طلب کرلی جبکہ ٹیلی فون عبدالخالق ہزارہ سے رابطہ بھی کیا پولیس کے مطابق علمدار روڈ کے علاقے مومن آباد میں رہائش پذیر ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین و سابق وزیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ کے گھر کی عقبی دیوار سے نقاب پوش مسلح شخص داخل ہوا اور انکے بیڈروم میں پہنچ گیا اہلیہ نے مسلح شخص کو دیکھتے ہی شور مچادیا جس پر عبدالخالق ہزارہ بھی اٹھ گئے مسلح شخص نے اسلحے کے زور پر رقم کا مطالبہ کیا اسی دوران عبدالخالق ہزارہ نے اسے پکڑنے کی جس پر مسلح شخص نے پستول کا بٹ مار کر زخمی کرکے اپنا بیگ اور پستول چھوڑ کر چھت سے فرار ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر عبدالخالق ہزارہ کو ہسپتال پہنچایا جہاں طبی امداد کے بعد گھر منتقل کردیا جبکہ ڈی ایس پی قائدآباد سرکل اسحاق چنگیزی اور ایس ایچ او قائدآباد محمد ریاض نے دیگر عملے کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالحسین کو پہاڑی علاقے سے گرفتار کرلیا پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزم سابق وزیر کا ہمسایہ ہے جو قرض میں ڈوبا ہوا تھا ایک ماہ سے اپنی والدہ اور بہن بھائیوں کے ہمراہ کراچی میں تھا قرض داروں سے جان چھڑانے کیلئے سابق وزیر کے گھر پر ڈکیتی کا منصوبہ بنایا اور جمعرات کی شام کو کراچی سے کوئٹہ ڈکیتی کی نیت سے آیا تھا اس سلسلے میں جنگ کے رابطہ کرنے پر عبدالخالق ہزارہ نے بتایا کہ وہ اپنے کمرے میں سو رہے تھے کہ رات چار بجے میری اہلیہ کے شور پر اٹھا تو دیکھا کہ میرے کمرے میں ایک نقاب پوش مسلح نوجوان داخل ہوا اور مجھ پر پسٹل تان کر گھر میں رکھی رقم اور زیورات حوالے کرنے کا کہا میں نے اسے پکڑنے کی کوشش کی اس نے ہاتھا پائی شروع کردی میں نے اس کا نقاب اتارا تو اس نے پسٹل کا بٹ میرے سر پر مارا جس سے میں زخمی ہوا اور ایک ہاتھ میں فریکچر ہوگیا انہوں نے بتایا کہ جیسے ہی نقاب اترا تو وہ اپنا بیگ اور سائلنسر لگا پسٹل چھوڑ کر چھت کے راستے فرار ہوگیا تاہم میں اس کو پہچان گیا وہ میرا ہی ہمسایہ ہے انہوں نے کہا کہ ہم پرامن سیاسی لوگ ہیں میری کسی سے کوئی دشمنی بھی نہیں یہ واقعہ ڈکیتی کا تھا جو اللہ کے کرم سے ناکام ہوگیا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس نے رپورٹ طلب کرلی۔ جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کو ٹیلی فون پر سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ سے رابطہ کیا اور ان کی مزاج پرسی کرتے ہوئے ان کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ سے متعلق بات چیت کی وزیراعلیٰ نے عبدالخالق ہزارہ کو آگاہ کیا کہ پولیس واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کررہی ہے جس کی پیش رفت سے آپ کو متواتر آگاہ رکھا جائے گا، وزیراعلیٰ انکی جلد صحت یابی کیلئے دعا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، عبدالخالق ہزارہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے واقعہ کی تحقیقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے کہا ہے کہ ملزم سے تحقیقات جاری ہیں حملے کی وجوہات اور حقائق تک پہنچ کر انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

## وزیراعلیٰ بگٹی کا نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے مرکزی سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 ہفتہ 03 رجب 1446ھ 04 جنوری 2025ء صفحات 08 شمارہ 188

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے


# عبدالخالق ہزارہ چوروں سے ہاتھاپائی کے دوران شدید زخمی، 1 ملزم گرفتار

## وزیراعلیٰ نے ڈی آئی جی سے رپورٹ طلب کرلی

سابق صوبائی وزیر گھر میں ڈکیتی کی واردات کے دوران ملزم سے ہاتھاپائی میں زخمی، فوری ہسپتال منتقل، سرفراز بگٹی کا ٹیلیفونک رابطہ مزاج پرسی کی

ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کے مطابق ملزم سے تحقیقات جاری حقائق تک پہنچ کر انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں گے، ترجمان حکومت شاہد رند

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ ڈکیتی کی واردات کے ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

دوران حملے میں زخمی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کرلی پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے تحقیقات شروع کردی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ کے گھر میں ڈکیتی کی واردات کے دوران ملزم سے ہاتھاپائی میں زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈکیتی کی واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ پر حملے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس بلوچستان سے رپورٹ طلب کرلی ہے انہوں نے سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ سے رابطہ کرکے واقعہ کی بابت معلومات حاصل کرکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی جانب سے مزاج پرسی کی، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہاکہ پولیس نے عبدالخالق ہزارہ پر حملے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا کے مطابق ملزم سے تحقیقات جاری ہے حملے کی وجوہات اور حقائق تک پہنچ کر انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سابق چیئرمین سینٹ نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پسماندگان ....... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سے تعزیت کی ہے یہاں جاری ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 23 | ہفتہ، 3 رجب المرجب، 4 جنوری 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


## نیئر بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر وزیر اعلیٰ کا اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سابق چیئر مین سینٹ نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پسماندگان سے تعزیت کی ہے یہاں جاری ایک تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر جمیل کے لئے دعا کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

| جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 4 جنوری 2025ء بمطابق 3 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 04 |
|---|---|---|

Bullet No. 1

Page No. 5

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسابق چیئرمین سینٹ نیئر حسین بخاری کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس

بقیہ نمبر 42 صفحہ 5 پر

کا اظہار کرتے ہوئے پسماندگان سے تعزیت کی ہے یہاں جاری ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر جمیل کے لئے دعا کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

جلد 80 | ہفتہ 4 جنوری 2025ء 3 رجب المرجب 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 4


## وزیراعلیٰ بلوچستان کا سابق وزیر عبدالخالق ہزارہ سے ٹیلیفونک رابطہ

### میر سرفراز بگٹی نے عبدالخالق ہزارہ کو آگاہ کیا پولیس واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کو ٹیلی فون پر سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ سے رابطہ کیا اور ان کی مزاج پرسی کرتے ہوئے ان کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ سے متعلق بات چیت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے عبدالخالق ہزارہ کو آگاہ کیا کہ پولیس واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کر رہی ہے جس کی پیش رفت سے آپ کو متواتر آگاہ رکھا جائے گا، وزیراعلیٰ نے عبدالخالق ہزارہ کی جلد صحت یابی کیلئے دعا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیرمین و سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے واقعہ کی تحقیقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

CamScanner

## سردار کھیتران کی عبدالخالق ہزارہ پر قاتلانہ حملے کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے سابق صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ پر قاتلانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ یہاں جاری بیان میں سردار کھیتران نے عبدالخالق ہزارہ کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# حکومت نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کررہی ہے، صادق عمرانی

یورپی یونین کی جانب سے مالی معاونت فراہم، مقصد سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں میں انجینئرز کی صلاحیتوں کو بڑھانا ہے' صوبائی وزیر ایریگیشن

نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن اور آر بی ڈبلیو آر پی کی خدمات قابل ستائش ہیں جنہیں سراہتے ہیں" سول سیکرٹریٹ سکندر جمالی آڈیٹوریم میں تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت دور جدید کے تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کو جدید تربیت فراہم کررہی ہے اس حوالے سے یورپی یونین کی جانب سے مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے جس کا مقصد مختلف سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں میں کام کرنے والے انجینئرز کی صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے مزید تربیت دی جارہی ہے گزشتہ سال 26 سے زائد.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

انجینئرز کو تربیت فراہم کی گئی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سول سیکرٹریٹ میں سکندر جمالی آڈیٹوریم میں غیر سرکاری تنظیم نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام لوگوں کی خدمت کرنے کے حوالے سے منعقدہ پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری ایریگیشن حافظ عبدالماجد ریواوَل آف بلوچستان واٹر ریسورس پروگرام ٹیکنیکل اسسٹنٹ عملہ بھی موجود تھا انہوں نے کہا کہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ نے حکومت بلوچستان کو مفت سروے ایکوپمنٹ، سٹونیکس اٹلی ٹوٹل اسٹیشن اور سافٹ ویئر فراہم کیا ہے یہ ادارہ یورپین یونین فنڈ گرانٹ کے تحت بلوچستان میں انہیں سروے ایکوپمنٹ، ٹوٹل اسٹیشن اور سافٹ ویئر پر بغیر کسی معاوضہ تربیت فراہم کررہا ہے

## 2025 بلوچستان کے عوام کیلئے خیر و برکت کا ہوگا' صوبائی وزراء

دہشتگردی کا سر کچلنا ہوگا اس کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے' سلیم کھوسہ' عاصم کرد گیلو

صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے مخلوط حکومت اقدامات اٹھارہی ہے' نور محمد دمڑ' مسعود لونی' زرک مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام سیاسی استحکام کے ساتھ وابستہ ہے، 2025 پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا سال.......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ہے دہشت گردی کا سر کچلنا ہوگا اس کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے صوبے کی ترقی وخوشحالی کیلئے مخلوط حکومت بھرپور اقدامات اٹھارہی ہے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیحات میں شامل ہے عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے' یہ بات پاکستا مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ' صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو' صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ 'پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود لونی اور شیخ زرک خان مندوخیل نے پارٹی کارکنوں سے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان اور بلوچستان کے عوام کیلئے خیر اور برکت کا ہوگا اور آنے والے دن ملک میں ترقی اور خوشحالی کی نوید لائیں گے تمام معاشی اہداف اور اشاریے اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ سال پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں ممد و معاون ثابت ہوگا بشرطیکہ ہم من حیث القوم شبانہ روز محنت کرتے ہوئے پاکستان کو آگے لے کر جانے کی ٹھان لیں ترقی اور خوشحالی کا سفر تب ہی طے ہوگا اگر ملک میں استحکام ہو، معاشی استحکام سیاسی استحکام کے ساتھ جڑا ہوا ہے

## صحبت پور میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، سلیم کھوسہ

انتھک محنت، خوش اسلوبی اور جہد مسلسل سے عوام کی تقدیر بدلنا چاہتے ہیں، صوبائی وزیر مواصلات

نصیر آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب ضلع صحبت پور میں تعلیم، صحت، ابنوشی، بجلی، ٹف ٹائل، بلیک ٹاپ سڑکوں کی تعمیر پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے ترقی وخوشحالی کا یہ سفر نہ رکے گا نہ تھمے گا ہم ترقی وخوشحالی کا عزم لے کر آئے ہیں ہم اپنی انتھک محنت، خوش اسلوبی اور جہد مسلسل سے عوام کی تقدیر بدلنا چاہتے ہیں اور ان شا اللہ ہم اپنے مقصد میں کامیاب.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

وکامران ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیر آباد کے صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پی ایس عطا اللہ کھوسہ۔ مسعود احمد کھوسہ سمیت دیگر بھی موجود تھے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے مزید کہا کہ ضلع صحبت پور کے دیہاتوں کو آپس میں جوڑنے کے لئے بلیک ٹاپ روڈوں کی تعمیر کے لیے کروڑوں روپے کے فنڈز جاری کئے گئے ہیں صحبت پور کے عوام کے ساتھ ہمارا اٹوٹ انگ رشتہ ہے جو کبھی بھی ختم نہیں ہوسکتا ہم نے ہمیشہ سچائی وخلوص کے ساتھ عوام کی خدمت کی ہے اور کرتے رہیں گے حلقے کے عوام کی خوشحالی کے لیئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں ہم کوئی بلند بانگ دعوا نہیں کرتے ہم نے جو عوام سے وعدے کئے تھے ان کو مرحلہ وار پورا کر رہے ہیں۔

## عوامی مسائل کے حل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لارہے ہیں، وزیر بلدیات

صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی کی میونسپل کارپوریشن کے دورے کے موقع پر گفتگو

خضدار (خ ن) صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی کی چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار کا دورہ کیا اس موقع پر سردارزادہ دینار ڈومکی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ نے صوبائی وزیر کو کارپوریشن کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے محکمہ بلدیات کو مزید ترقی دینے اور منصوبے لانے کے عزم کا اظہار کیا اور مختلف امور پر گفتگو کی انہوں نے میونسپل کارپوریشن خضدار کی .......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کارکردگی کو سراہا دریں اثنا انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل نے جمعرات کے روز صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی سے ملاقات کی انہیں خضدار آنے پر خوش آمدید کہا اور ڈومکی قبیلے کے سربراہ بننے پر مبارکباد پیش کی۔ صوبائی وزیر بلدیات سردار کوہیار خان ڈومکی حافظ حمید اللہ مینگل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی نمائندگی عوام ہی کے لئے ہے اور وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں عوام کے مسائل ومشکلات کے حل کے لئے صرف کرکے ان کے اعتماد پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔ اس موقع پر سردار بلند خان غلامانی جمیل قادر زہری ودیگر نے صوبائی وزیر سے ملاقات کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 04 JAN 2025 Page No. 12


# جعلی شہباز حکومت ملک کو جان بوجھ کر خانہ جنگی کی طرف لے جا رہی ہے، محمود خان اچکزئی

## تمام پارٹیوں کی آل پارٹیز کانفرنس بلانے کی ضرورت، فوج اور صحافیوں کو بھی بلایا جائے، سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

## اسلامی ملک افغانستان کو دشمن بنایا جا رہا ہے، بلاول اور اسحاق ڈار ایک بار بھی کابل نہیں گئے، علامہ راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے شہباز شریف کی جعلی حکومت ملک کو جان بوجھ کر خانہ جنگی کی طرف لے جا رہی ہے، علامہ ناصر عباس نے کہا تمام ادارے تباہ کر، عدلیہ کو مفلوج کر دیا گیا، ان خیالات کا اظہار....... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، محمود خان اچکزئی نے کہا پاکستان جن حالات سے گزر رہا ہے وہ سب کو پتہ ہے، غیر آئینی، غیر جمہوری حکمرانوں کو کوئی خبر اور فکر نہیں، ملک میں روزانہ 20 سے 30 لوگ گولی سے قتل ہوتے ہیں، قلم پر پابندی ہے، اسمبلی میں بولنے پر پابندی ہے، ہمسائے افغانستان پر بمباری تک بات پہنچ گئی، محمود خان اچکزئی نے کہا تمام پارٹیوں کی آل پارٹیز کانفرنس بلانے کی ضرورت ہے، آل پارٹیز کانفرنس میں فوج اور صحافیوں کو بھی بلایا جائے، ہمارا فرض ہے بیٹھ کر خطے کو میدان جنگ نہ بننے دیں، خوش قسمتی سے بڑا سپر پاور چین پڑوسی اور دوست ملک ہے چین کے افغانستان سے بھی اچھے مراسم ہیں، بیٹھ کر خطے کو جنگ سے بچانا چاہیے افغانستان کو کشمکش کا گڑھ بنانے کے بجائے امن کا گہوارا بنایا جائے، زمین کے اندر جہاں معدنیات ہوں وہاں فوج آ جاتی ہے، بلوچ، سندھ اور پنجاب ایک پاکستان ہے جہاں معدنیات ہیں وہاں کے لوگوں کو بھی انگیج کیا جائے، جس علاقے میں معدنیات ہوتی ہیں ان کے لوگوں کو حصہ ملنا چاہیے، قصداً اور عملاً شہباز شریف کی جعلی حکومت ملک کو خانہ جنگی کی طرف لے جا رہی ہے، سربراہ ایم ڈبلیو ایم علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے کہا پاکستان صرف آئین کی حکمرانی کے تحت چل سکتا ہے اس وقت پاکستان میں معاشی، اخلاقی و سیاسی بحران ہے، حکومت کا ہر گزرتا دن مسائل میں اضافہ کر رہا ہے، رجیم چینج آپریشن ہوا، پی ڈی ایم، نگران اب جعلی حکومت آئی، تمام ادارے تباہ، عدلیہ کو مفلوج کر دیا گیا، آئینی ترامیم ملک کے ساتھ کھیلنے کے مترادف ہے، پاکستان تباہی کے دہانے پر ہے کوئی پلاننگ ہی نہیں، علامہ راجہ ناصر عباس جعفری نے کہا حکومت عوام کا اعتماد کھو چکی ہے، دنیا میں کوئی اہمیت نہیں رہی پہلے ہمارا دشمن انڈیا تھا اب نیا دشمن بنا لیا، اپنے برادر اسلامی ملک افغانستان کو دشمن بنایا جا رہا ہے، بلاول بھٹو زرداری اور اسحاق ڈار ایک بار بھی کابل نہیں گئے کلچر ایک جیسا ہے کیوں دشمنیاں پیدا کر رہے ہیں؟۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 04 JAN 2025 Page No. 13

## کمشنر سبی پر فائرنگ کرنے والا اجو گینگ کا سرغنہ بھاگ سے گرفتار

### ملزم 2017ء میں سب انسپکٹر کو شہید کرنے سمیت چوری ڈکیتی میں مطلوب تھا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) کچھی انتظامیہ نے بھاگ ناڑی کے علاقے پہوڑ میں چھاپے کے دوران جمعرات کی شب کمشنر سبی پر فائرنگ کرنے والے ملزم اجو گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا ذرائع کے مطابق ملزم کمشنر سبی پر حملے '2017ء میں سب انسپکٹر کو شہید کرنے سمیت چوری ڈکیتی و دیگر مقدمات میں لیویز کو مطلوب تھا واضح رہے کہ بختیار آباد اور بھاگ کی حدود میں آئے روز ڈاکو مسافروں کو لوٹتے ہیں مگر آج تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی جبکہ گزشتہ شب کمشنر سبی پر فائرنگ کے بعد 24 گھنٹے کے اندر ملزم کو بھی گرفتار کر لیا جاتا ہے۔

## چالو باوڑی: دو گروپوں میں تصادم دو افراد زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے چالو باوڑی میں گزشتہ شب لژم اور بڑو گروپ میں مسلح تصادم کے نتیجے میں فائرنگ سے دو افراد ناصر عرف لژم اور فیروز عرف بڑو زخمی ہو گئے پولیس نے زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔

## کردگاپ کے کنویں سے انسانی ہڈیاں برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کردگاپ کے علاقے سے ایک کنویں سے انسانی ہڈیاں برآمد ذرائع کے مطابق گزشتہ روز کردگاپ کے علاقے میں ایک پرانے کنویں سے انسانی ہڈیاں برآمد ہوئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## نوشکی، حساس ادارے کے دفتر پر گرنیڈ حملہ، فائرنگ

نوشکی (نامہ نگار) نوشکی احساس ادارے کے دفتر پر گرنیڈ فائر دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے تفصیلات کے مطابق جمعہ کے صبح نوشکی کلی قاضی آباد میں واقع احساس ادارے کے دفتر پر نامعلوم افراد نے چار گرنیڈ لانچر فائر کیے جو زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے سرکاری ذرائع کے مطابق چاروں گرنیڈ دفتر کے باہر میدانی میں گرے جس سے کوئی نقصان نہیں ہوا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated 04 JAN 2025 Page No. 4

## خضدار میں نرسنگ اسٹاف چار ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں

### تنخواؤں کی بندش سے نرسنگ اسٹاف کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور

خضدار (بیورور پورٹ) جھالاوان ایکشن کمیٹی خضدار کے ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہیکہ خضدار میں چار ماہ سے تعینات ہونے والے نرسنگ اسٹاف تاحال تنخواہوں سے محروم ہے حکام بالا عوامی نمائندگان نرسنگ اسٹاف کے تنخوائیں جاری کرنے میں کردار ادا کریں محکمہ صحت خضدار میں چار ماہ قبل تعینات ہونے والے نرسنگ اسٹاف آفیسر شاہی کی عدم دلچسپی کے بدولت تنخواؤں سے محروم ہیں واضح رہے کہ نرسنگ اسٹاف گذشتہ چار ماہ سے عارضی طور پر 1 سال کے لئے تعینات ہوئے ہیں جوکہ خضدار ضلع کے مختلف ہسپتالوں میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں لیکن افسوس جنھیں تاحال تنخواؤں سے محروم رکھا گیا ہے۔ تنخواؤں کی بندش کی وجہ تمام نرسنگ اسٹاف قسم پرسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا وزیر اعلی بلوچستان اپیل کرتے ہیں نرسنگ اسٹاف خضدار کی تنخواہوں کو جاری کرنے کے احکامات جاری کر کے نرسنگ اسٹاف خضدار کے ملازمین کو ذہنی کوفت سے نجات دلائیں

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور، بجلی بحران شدت اختیار کر گیا، صرف تین گھنٹے بجلی کی فراہمی

### قیمتی برقی آلات جل جانے سے صارفین کو ہزاروں روپے کے نقصانات کا بوجھ بھی سہنا پڑ رہا ہے، اہلیان

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا صارفین کو صرف تین گھنٹے بجلی میسر وہ بھی وولٹیج کے عدم توازن کی وجہ سے شہریوں کے لئے کسی وبال جان سے کم نہیں ہے قیمتی برقی آلات جل جانے سے صارفین کو ہزاروں روپے کے نقصانات کا بوجھ بھی سہنا پڑ رہا ہے پنجگور میں بجلی کے مصنوعی بحران پر علاقے کے نمائندوں نے بھی چپ سادھ لیا ہے شدید سردی میں شہریوں کے روزمرہ معمولات متاثر ہیں کاروبار جام ہو چکا ہے جبکہ گھریلو صارفین ایک مرتبہ پھر قرون وسطی میں جا کر داخل ہو گئے ہیں لالٹین اور موم بتیوں کے سہارے رات بسر کرنے پر مجبور ہیں اور پانی کے موٹر وولٹیج میں توازن نہ ہونے کی وجہ سے بار بار جل رہے ہیں جسکی وجہ سے پانی کا حصول بھی مشکل ہو گیا ہے پنجگور میں بجلی کا مصنوعی بحران پر قابو پانے کے لیے علاقائی نمائندوں کو کردار ادا کرنا چاہیئے شہری موجودہ صورتحال سے کافی پریشان اور تنگ آچکے ہیں انکی بڑی وجہ بے جان بجلی بھی ہے جو ایک ہی جھٹکے میں صارفین کی سال بھر کی جمع پونجی سے خریدے گئے برقی آلات کو جلا کر ناکارہ بنا دیتی ہے صارفین دو طرف سے مار کھا رہے ہیں ایک بجلی نہ ہونے کی پریشانی تو دوسری طرف وولٹیج کے ہاتھوں اضافی نقصانات کا بوجھ بھی برداشت کر رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ انتخاب حب

Bullet No. 6

Dated: 03 JAN 2025 Page No. 16

# خسرے سے بچے جاں بحق، ذمے دار کون؟

بلوچستان سمیت وطن عزیز میں ہر کچھ عرصے بعد کوئی نہ کوئی بیماری وبا کی صورت اختیار کرلیتی اور کئی زندگیوں کے ضیاع کی وجہ بن جاتی ہے۔ خسرہ، ہیضہ، اسہال، ڈینگی، ملیریا اور دیگر وباؤں سے سارا سال قوم کو واسطہ رہتا ہے۔ ملک میں بچوں کو پیدائش کے بعد مختلف امراض سے بچانے کے مفت حفاظتی ٹیکوں کا کورس کروایا جاتا ہے۔ اکثر والدین اپنے بچوں کو یہ ٹیکے لگوا کر بیماریوں سے محفوظ بناتے ہیں، جن کے بچوں کو خسرہ سمیت دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکے لگے ہوں تو وہ ان امراض سے محفوظ رہتے ہیں یا ان امراض میں مبتلا ہونے پر ان کی شدت کم ہوتی ہے لیکن جو بچے حفاظتی ٹیکے لگوانے سے رہ جاتے ہیں، وہ ان امراض کی زد میں آکر شدید متاثر ہوجاتے ہیں اور ان میں سے بڑی تعداد بعض اوقات زندگی سے بھی محروم ہوجاتی ہے۔ ماضی سے لے کر اب تک خسرہ نے ملک کے طول و عرض میں خاصی تباہ کاریاں پھیلائی ہیں۔ کتنے ہی بچے خسرہ کی وجہ سے جاں بحق ہوچکے ہیں۔ کچھ ماہ قبل سندھ میں اس حوالے سے صورت حال انتہائی ناگفتہ بہ تھی۔ درجنوں بچے خسرہ کی وبا کی نذر ہوئے۔ دوسرے صوبوں میں بھی اس حوالے سے صورت حال تسلی بخش نہیں ٹھہرائی جاسکتی۔ اب بھی اس وبا سے بچوں کی اموات کا سلسلہ نہیں رکا ہے۔ حال ہی میں چمن میں 4 بچے خسرے کی وبا کی بھینٹ چڑھ گئے۔ چمن سمیت مختلف علاقوں میں بڑی تعداد میں بچے خسرہ کی بیماری میں مبتلا ہوگئے جب کہ چار بچوں کی اموات واقع ہوئی ہیں۔ سربراہ ایمرجنسی رسپانس ٹیم نے بتایا کہ خسرہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی ٹیمیں پہنچ گئی ہیں۔ متاثرہ بچوں کے علاج معالجے کے لیے ایف سی کے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ روغانی ون اور ٹو میں 4 بچوں کی خسرہ سے اموات ہوئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق متاثرہ بچوں کے والدین حفاظتی ٹیکے لگوانے سے انکاری پائے گئے ہیں۔

خسرہ سے بچوں کی اموات تشویشناک ہونے کے ساتھ لمحہ فکریہ بھی ہے۔ امراض اور وباؤں سے بچوں کو تحفظ دلانے کے لیے والدین، حکومت اور انتظامیہ کو ذمے داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ والدین پیدائش کے بعد اپنے بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچانے کے لیے مفت حفاظتی ٹیکہ جات باقاعدگی سے لگوائیں، اس حوالے سے سائنسی تحقیق اور علما کے فتوے موجود ہیں کہ یہ صرف اور صرف بچوں کو مختلف امراض سے بچانے کے لیے ہوتے ہیں، ذرا بھی غفلت عمر بھر معذوری یا اموات کی صورت میں سامنے آتی ہے۔ پولیو سے بچاؤ کی ویکسین سمیت ان حفاظتی ٹیکہ جات کا لگوانا ازحد ضروری ہے، کیونکہ اگر ایسا نہ ہوا تو آپ کے بچوں کی زندگیوں کو سنگین خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ میڈیا بھی اس ضمن میں آگہی کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ لوگوں کو بتایا جائے کہ حفاظتی ٹیکہ جات سمیت پولیو سے بچاؤ کی ویکسین بچوں کے تحفظ کے لیے کتنی ضروری ہیں۔ تمام مکتب فکر کی اہم شخصیات بھی اپنی ذمے داری ادا کریں۔ بیماریوں کے سدباب کے لیے حکومت کی جانب سے مزید راست کوششیں وقت کی اہم ضرورت محسوس ہوتی ہیں اگر کسی علاقے میں والدین حفاظتی ٹیکے لگانے یا پولیو کے قطرے پلانے سے گریزاں ہیں تو ان کو اس علاقے کے معززین کی مدد سے قائل کیا جائے اور بچوں کی صحت اور جان کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHISITAN

مت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ
حکومت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 JAN 2025 Page No. 1

# A cry for relief

The agricultural sector in Balochistan is teetering on the brink of collapse, with farmers facing an unprecedented crisis. Erratic power supply, particularly the crippling impact of prolonged load-shedding, has dealt a devastating blow to agricultural productivity. In districts like Noshki, farmers are subjected to a mere two hours of electricity per day, rendering their tube wells virtually useless for irrigation. This inadequate power supply has severely hampered crop yields, pushing farmers towards the precipice of poverty and despair. The government's initiative to convert agricultural tube wells to solar power offers a glimmer of hope, but the slow pace of implementation is exacerbating the crisis. Farmers, facing mounting debts and dwindling incomes, warn that the lack of concrete action could lead to widespread hunger and poverty. Unfortunately, Balochistan's farmers are also facing multifaceted challenges other than power crisis but successive governments did not bother to pay attention in this regard. Prolonged and unpredictable power outages have crippled irrigation systems, leading to crop failures and devastating economic losses for farmers. Farmers often lack access to affordable credit for purchasing seeds, fertilizers, and other essential inputs. Inadequate infrastructure, including poor road networks and limited access to markets, further hinders agricultural productivity and profitability. Climate change, with its unpredictable weather patterns and increasing frequency of droughts, poses a significant threat to agricultural livelihoods. It is essential that the government must take urgent and decisive action to address the plight of Balochistan's farmers. The government must expedite the process of converting agricultural tube wells to solar power to ensure uninterrupted irrigation. Enhance the reliability and availability of grid electricity for agricultural purposes. The government must offer affordable credit facilities to farmers for purchasing inputs and investing in improved farming practices. Improve market access for farmers by upgrading road networks and establishing better market linkages, and promote the adoption of climate-resilient agricultural practices through research and extension services. Since Balochistan lacks a sound industrial sector therefore approximately 70 percent people are directly or indirectly associated with the agriculture sector to earn a livelihood for their children. Therefore, the survival of Balochistan's agricultural sector, and the livelihoods of thousands of farming families, depend on the government's immediate and effective intervention is essential. Ignoring this crisis will have dire consequences, not only for the agricultural sector but also for the overall economic and social well-being of the province. The ratio of unemployment and poverty is already very high in Balochistan as compared to other provinces and degradation of agriculture would be more detrimental for Balochistan.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 JAN 2025 Page No. 18

# 7th agriculture census a new dawn in Balochistan

In a significant step towards the advancement of agriculture in the province, Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has inaugurated the 7th Agricultural Census. This monumental undertaking holds profound implications for the region, where agriculture and livestock are not merely sectors of the economy, but the very backbone of livelihoods for the majority of its inhabitants. By initiating this census, the government aims to bridge the gap between agricultural practices and informed policy-making, heralding a new era of transparency, efficiency, and growth in the agricultural landscape of Balochistan. Agriculture in Balochistan is fraught with challenges. Vast expanses of arid land, water scarcity, and the impacts of climate change have historically hindered agricultural productivity in this resource-rich province. However, it is crucial to understand that these challenges can be met with well-structured data and sound policies based on accurate information. The inauguration of the agricultural census marks the beginning of a comprehensive effort to gather vital information on various aspects of agriculture, which can then lead to targeted interventions.

The agricultural census is not just a statistical exercise; it is a pivotal tool designed to uncover the realities faced by farmers. With the involvement of more than 1,000 trained enumerators, a robust framework is being established to collect critical data across Balochistan. This data collection will span an impressive area of 7.12 million acres of agricultural land, which is no small feat, considering the diverse agricultural practices found throughout the region. One of the standout features of this census is its integration with Geographic Information Systems (GIS) technology. Utilizing advanced technology to gather and analyze geographical and spatial data is a forward-thinking approach that adds depth and accuracy to the collected information. With the official inauguration of the census through the GIS dashboard, the government has taken a commendable step towards modernizing data handling in agriculture. The capacity to visualize agricultural data spatially will not only enhance understanding but also facilitate better planning and resource allocation moving forward. The successful execution of the agricultural census is anticipated to yield

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 04 JAN 2025 Page No. 20

# پی پی ایل کمپنی ایک مدہوش ہاتھی

گزشتہ دنوں بلوچستان صوبائی اسمبلی میں پی پی ایل گیس کمپنی کے خلاف قرارپیش کی گئی کہ پی پی ایل گیس کمپنی کے ساتھ کیا گیا معاہدہ 15 سال پہلے ختم ہو چکا ہے اور نیا معاہدہ ابھی تک نہیں ہوا، اور ان 15 سالوں میں کمپنی 100 ارب روپے کی گیس لے جا چکی ہے مگر تا حال صوبائی حکومت کو کوئی ادائیگی نہیں کی گئی ہے۔

پی پی ایل ، او جی ڈی سی ایل اور دیگر کمپنیاں

## تحریر:۔ شوکت بگٹی

بلوچستان اور خاص کر جہاں سے گیس نکالی جا رہی ہے وہاں کی لوکل آبادی کے ساتھ ان کا ظالمانہ رویہ 1952 سے جاری ہے، اس وقت سے جب ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں گیس ذخائر دریافت کیے گئے ضلع ڈیرہ بگٹی میں پی پی ایل اور او جی ڈی سی ایل کی 4 گیس فیلڈ ہیں جہاں سے اربوں روپے کی گیس لے جائی جا رہی ہے اس لحاظ سے ڈیرہ بگٹی کو جدید سہولیات کے ساتھ پاکستان کا سب سے ترقی یافتہ شہر ہونا چاہیے تھا مگر حقیقت یہ ہے کہ یہاں کی لوکل آبادی انتہائی غربت کی زندگی گزار رہی ہے یہاں کام کرنے والی کمپنیاں یہاں کے مقامی لوگوں کو روزگار دینے کے بجائے نوکریوں سے بیدخل کر رہی ہیں گزشتہ ماہ ایک انٹرویو کے دوران نواب گزین مری کی ایک بات میرے دل پر لگی ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ ہم مریوں کو کوئی پچھتاوا نہیں کہ ہم نے اپنے علاقے سے گیس نکالنے نہیں دی کیوں کہ ڈیرہ بگٹی میں گیس نکلنے کے باوجود کوئی ترقی نہیں ہوئی، بگٹیوں کی بھی وہی حالت ہے جو موجودہ وقت میں مریوں کی ہے نواب صاحب کی یہ بات حقیقت کے قریب ہے ظلم تو یہ ہے پورا ضلع ڈیرہ بگٹی درکنار جس ایریا سے گیس نکالی جا رہی ہے اس پلانٹ سے چند گز کے فاصلے لوگ لکڑیاں جلانے پر مجبور ہیں

مجھے حیرانگی تو یہ ہے کہ میر سرفراز بگٹی وزیر اعلیٰ ہیں اور ایم این اے میاں خان بگٹی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری انرجی ہیں مگر ان دونوں کے اپنے حلقے ہی میں لوگوں کو گیس نہیں مل رہی ہے

ضلع ڈیرہ بگٹی میں کام کرنے والی کمپنیاں او جی ڈی سی ایل خاص کر پی پی ایل وہ طاقتور ہاتھی ہے جو جنگل میں ہر ایک جانور کو کچل دیتا ہے یہ کمپنی کسی قانون و قاعدہ کو نہیں مانتی یہ وہ ہر طریقہ استعمال کرتی ہے جس سے اس کو فائدہ ہو یہ وکیل سیاستدان لیڈر جو بھی ان کے خلاف جاتا ہے یا بولتا ہے اس کو مراعات، ذاتی مفادات اور پیسے کے عیوض خرید لیتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اسمبلی ممبران کی جرآت کو سلام ہے کہ انہوں نے پی پی ایل کمپنی کے خلاف آواز اٹھائی ہے میری دعائیں ہیں کہ اللہ کرے یہ آواز کبھی خاموش نا ہو۔

ایک محتاط اعداد و شمار کے مطابق پی پی ایل کمپنی بلوچستان حکومت کی پہلے سے تقریباً 600 ارب روپے کی مقروض ہے اور اب گزشتہ 15 سالوں سے بغیر کسی معاہدہ و قانون کے زبردستی بلوچستان سے گیس لے جا رہی ہے ایک روپیہ بھی نہیں دے رہی ، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے حالانکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی مختلف فورمز پر متعدد بار اس مسئلہ پر آواز اٹھا چکے ہیں مگر کوئی بھی ملکی ادارہ پی پی ایل گیس کمپنی کے خلاف ایکشن لینے کو تیار نہیں

اب بلوچستان اسمبلی میں موجود نمائندگان اس کمپنی کے خلاف جانے کو تیار ہو رہے ہیں آنے والے دنوں میں اسمبلی میں بحث ہوگی وزیر اعلیٰ اور اراکین اسمبلی کو چاہئے کہ صرف بحث کرنے سے فائدہ نہیں، بحث کے ساتھ کمپنی کے خلاف ایک مذمتی قرارداد بھی منظور کریں اور مسئلے پر وفاقی حکومت سے بھی بات کریں اور اسے سمجھائیں کہ بلوچستان کے حالات بہت خراب ہیں دہشت گردی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے گزشتہ سال 2023 کی نسبت 2024 میں دہشت گردی میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے جو کہ باعث تشویش ہے بلوچستان کے جائز مسئلے گیس کمپنیوں کی رائلٹی لوکل آبادی سہولیات و روزگار کی فراہمی جیسے چھوٹے چھوٹے مسئلوں کو حل کیا جائے اگر وفاقی حکومت ان گیس کمپنیوں کو لگام دے اور بلوچستان لوگوں خاص کر جہاں سے معدنی ذخائر نکالے جا رہے ہیں ان علاقوں کی مقامی آبادی کو سہولیات دے کر ان کے طرز زندگی کو بہتر بنایا جاتا ہے تو میرے خیال میں کسی حد تک بلوچستان کے مسائل خود حل ہوتے جائیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 04 JAN 2025

Bullet No.

Page No.



خضدار، صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی سے چیف آفیسر ایم سی کیو خضدار وڈیرہ صالح جاموٹ ودیگر ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام محکمہ اریگیشن کو جدید آلات سے آراستہ مشینری کی فراہمی کی تقریب سے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی، سیکرٹری عبدالماجد ودیگر خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی بی ایچ یو نو حصار آر ایچ سی سینٹر اغبرگ کا معائنہ کر رہے ہیں



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کو نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے محکمہ اریگیشن کیلئے جدید آلات فراہم کیے جا رہے ہیں



صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی، ڈائریکٹر جنرل پی ایف اے عتیق اللہ کاکڑ نئے سال 2025 کا کیک کاٹ رہے ہیں

CamScanner